# GRADE – VIII MODEL PAPER 2017


## ISLAMIAT

**Section A: Multiple Choice Questions**
**Marks: 40          Time: 50 Minutes**

| Roll No | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

### ہدایات

1. ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔جوابات کے لئے دیئے گئے علیحدہ جوابی پرچے پر متعلقہ دائرے میں سیاہ رنگ بھریں۔سوالیہ پرچے پر جوابات کے نشان نہ لگائیں۔
2. جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔
3. سوالیہ پرچے پر سوال نمبر مثلاً 1, 2, 3, 4, 5... اوراس کے صحیح جواب مثلاً A, B, C, D کو نوٹ کریں اور اس کے بعد جوابی پرچے پر اُسی سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب کا دائرہ بھریں۔




اوپر دی گئی مثال میں سوال نمبر 2 کا درست جواب C ہے جس کے لئے جوابی پرچے میں سوال نمبر 2 کے سامنے C کا دائرہ سیاہ رنگ میں بھرا ہوا ہے۔

**Q.1** قرآن مجید کو صحیح طریقے سے پڑھنے کے لیے جاننا ضروری ہے:

A. علم صرف
B. علم نحو
C. علم تجوید
D. علم فقہ

**Q.2** قرآن مجید کی جس آیت یا لفظ پر 'م' لکھا ہو وہاں ٹھہرنا کیسا ہے؟

A. مستحب
B. سنت
C. لازم
D. مکروہ

**Q.3** آیت الکرسی میں آیت/آیات کی تعداد ہے:

A. 1
B. 2
C. 3
D. 4

**Q.4** العسر کا معنیٰ ہے

A. آسانی۔
B. مشکل۔
C. فراخی۔
D. بوجھ۔

**Q.5** ترجمہ: "کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تم کو بے کار پیدا کیا ہے اور تم ہماری طرف لوٹائے نہ جاؤ گے۔"
اس آیت میں کس طرف اشارہ ہے؟

A. عقیدۂ توحید
B. عقیدۂ رسالت
C. عقیدۂ آخرت
D. ملائکہ پر عقیدہ

**Q.6** انسانوں کو اپنے اعمال کا پورا بدلہ ملنے کے لیے ضروری ہے کہ

A. عدالتیں موجود ہوں۔
B. جمہوریت موجود ہو۔
C. آخرت قائم ہو۔
D. بادشاہت قائم ہو۔

**Q.7** عقیدۂ آخرت سے انسان میں پیدا ہوتا ہے:

A. عبادت کا جذبہ
B. سیاست کا جذبہ
C. رہبانیت کا جذبہ
D. دولت کمانے کا جذبہ

**Q.8** روزے کا اصل مقصد ہے

A. اچھی صحت کا حصول۔
B. تقویٰ کا حصول۔
C. شب بیداری۔
D. غریبوں کی خبر داری۔

**Q.9** معدے کی بے قاعدگیوں کا درست ہو جانا، ایک اضافی فائدہ ہے:

A. نماز کا

B. روزے کا

C. زکوٰۃ کا

D. حج کا

**Q.10** اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا احساس اور غریبوں کی مدد کا جذبہ پیدا ہونے کا ذریعہ ہے:

A. نماز

B. روزہ

C. حج

D. ذکر

**Q.11** حج کے لفظی معنٰی ہے

A. عبادت۔

B. سفر۔

C. ارادہ۔

D. برداشت۔

**Q.12** سعی کا مطلب ہے:

A. کعبہ کے گرد چکر لگانا

B. صفا اور مروہ کے درمیان سات چکر لگانا

C. جمرات کو کنکریاں مارنا

D. ب بال منڈوانا

**Q.13** عالمگیر اسلامی مرکزیت قائم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا / کرتی ہے:

A. نماز

B. روزہ

C. زکوٰۃ

D. حج

**Q.14** اچھے اور پسندیدہ اعمال کو بغیر کسی رکاوٹ اور تردد کے ادا کرنا کہلاتا ہے

A. خُلق۔

B. صبر۔

C. تقویٰ۔

D. احسان۔

**Q.15** سورہ بقرہ کی رو سے اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے:

A. ذکر اور دعا

B. صبر اور نماز

C. روزہ اور نماز

D. قرآن اور روزہ

**Q.16** سفر طائف کے دوران نبی کریم ﷺ کا تکالیف کو برداشت کرنا کس اخلاقی خوبی کی مثال ہے؟

A. شکر

B. عدل

C. صبر

D. تقویٰ

**Q.17** اعمال کی مقبولیت کے لیے ضروری شرط ہے

A. ادب۔

B. کثرت۔

C. شہرت۔

D. اخلاص۔

**Q.18** بندے کا اپنے رب کے غضب اور ناراضگی سے بچنے کی کوشش کہلاتا ہے

A. تقویٰ۔

B. صبر۔

C. شکر۔

D. احسان۔

**Q.19** قرآن مجید میں عدل کرنے کو قریب قرار دیا گیا ہے

A. احسان کے۔

B. تقویٰ کے۔

C. سنّت کے۔

D. فلاح کے۔

**Q.20** عدی بن حاتم کو جب نبی کریم ﷺ کی بعثت کی اطلاع پہنچی تو وہ بھاگ کر کہاں چلا گیا؟

A. مصر

B. عراق

C. شام

D. مدین

| | | | |
|---|---|---|---|
| Q.21 | نبی کریم ﷺ نے کھڑے ہو کر بذاتِ خود استقبال کیا<br>A. شاہ روم کے وفد کا۔<br>B. شاہ ایران کے وفد کا۔<br>C. شاہ مصر کے وفد کا۔<br>D. شاہ حبشہ کے وفد کا۔ | Q.22 | نبی کریم ﷺ لوگوں کے بہتر فہم، انہیں اپنی طرف متوجہ کرانے اور ذہن نشین کرانے کیلئے ایک ایک بات کو کتنی مرتبہ دہراتے ؟<br>A. دو<br>B. تین<br>C. چار<br>D. پانچ |
| Q.23 | نبی کریم ﷺ کس نماز کے بعد ازواجِ مطہراتؓ میں سے ہر ایک کے پاس جاتے ؟<br>A. فجر<br>B. ظہر<br>C. عصر<br>D. مغرب | Q.24 | قرآن مجید میں امت مسلمہ کو بہترین امت قرار دیا گیا ہے<br>A. صبر و تحمل اختیار کرنے پر۔<br>B. قرآن مجید کی تلاوت کرنے پر۔<br>C. نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے پر۔<br>D. کثرت سے نوافل پڑھنے پر۔ |
| Q.25 | نبی کریم ﷺ نے ظالم بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنے کو فرمایا ہے:<br>A. بہترین جہاد<br>B. بہترین عبادت<br>C. بہترین کلام<br>D. بہترین خدمت | Q.26 | ایمانداری کے ساتھ کھیتی باڑی کرنا، تعلیم و تدریس کرنا اور مزدوری کرنا کیسے ذرائع آمدن ہیں ؟<br>A. مشکوک<br>B. حرام<br>C. مکروہ<br>D. حلال |
| Q.27 | قرآنِ مجید کے مطابق یتیموں کا مال اُن کے حوالے کیا جائے جب<br>A. وہ شادی کر لیں۔<br>B. ان میں شعور آجائے۔<br>C. وہ بوڑھے ہو جائیں۔<br>D. ان کو ضرورت پیش آئے۔ | Q.28 | جاہلیّت کے دور سے رائج بیوہ عورت کے لامحدود سوگ کو اسلام نے محدود کر دیا<br>A. تین ماہ بیس دن میں۔<br>B. چار ماہ دس دن میں۔<br>C. پانچ ماہ پانچ دن میں۔<br>D. چھ ماہ دس دن میں۔ |
| Q.29 | ''جس نے دھوکہ دیا وہ ہم میں سے نہیں۔''<br>درج بالا فرمان ہے:<br>A. اللہ تعالیٰ کا<br>B. صحابی کا<br>C. تابعی کا<br>D. نبی کریم ﷺ کا | Q.30 | ''بربادی ہے (ناپ تول میں) کمی کرنے والوں کیلئے۔''<br>یہ اشارہ کس قوم کی طرف ہے ؟<br>A. قومِ ھود علیہ السّلام<br>B. قومِ صالح علیہ السّلام<br>C. قومِ شعیب علیہ السّلام<br>D. قومِ لوط علیہ السّلام |

**Q.31** اگر آپ کو سکول پہنچنے میں دیر ہو رہی ہے اور چوراہے پر سرخ اشارہ ہونے سے ٹریفک جام ہے، تو آپ کیا کریں گے ؟

A. ٹریفک اشارہ کھلنے کا انتظار کریں گے۔

B. بحالتِ مجبوری ٹریفک اشارے کو نظر انداز کریں گے۔

C. دوسری گاڑیوں سے آگے بڑھیں گے۔

D. گاڑی کو چھوڑ کر پیدل چلیں گے۔

**Q.32** صلح حدیبیہ کے موقع پر کفّار کی قید سے بھاگ کر آنے والے کس صحابی کو نبی کریم ﷺ نے معاہدے کی پاسداری کرتے ہوئے واپس کیا تھا؟

A. حضرت مصعب رضی اللہ عنہ

B. حضرت عمار رضی اللہ عنہ

C. حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ

D. حضرت یاسر رضی اللہ عنہ

**Q.33** سورہ آلِ عمران کی آیت میں 'اللہ کی رسی' سے کیا مراد ہے ؟

A. قرآن

B. قانون

C. رشتے

D. جہاد

**Q.34** اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟

A. طاقتور گروہ کا ساتھ دینا چاہیے۔

B. دونوں میں صلح کرانا چاہیے۔

C. کمزور گروہ کا ساتھ دینا چاہیے۔

D. دونوں کو نظر انداز کرنا چاہیے۔

**Q.35** اسلام کی حفاظت اور سربلندی کیلئے اپنا مال، اپنا وقت، اپنی صلاحیت اور بالآخر اپنی جان بھی دینا کہلاتا ہے

A. اخلاص۔

B. تقویٰ۔

C. احسان۔

D. جہاد۔

**Q.36** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جنت سائے میں ہے :

A. درختوں کے

B. بادلوں کے

C. تلواروں کے

D. میناروں کے

**Q.37** رسول اللہ ﷺ کی نسب کا سلسلہ جاری ہے :

A. سیّدہ اُمّ کلثوم رضی اللہ عنھا سے۔

B. سیّدہ رقیہ رضی اللہ عنھا سے۔

C. سیّدہ زینب رضی اللہ عنھا سے۔

D. سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنھا سے۔

**Q.38** دیبل کے بندر گاہ پر سندھ کے قذاقوں نے مسلمانوں کے بحری بیڑے کو لوٹ لیا تھا، جس میں شامل تھے :

A. آٹھ جہاز

B. دس جہاز

C. بیس جہاز

D. پچیس جہاز

**Q.39** 'کتاب الشفاء' میں بو علی سینا نے اپنے مشاہدات اور تجربات کا ذکر کس علم کے بارے میں کیا ہے ؟

A. طبعیات

B. کیمیا

C. ریاضی

D. حیاتیات

**Q.40** شاہ ولی اللہؒ نے قرآن کریم کا ترجمہ کس زبان میں کیا؟

A. اردو

B. فارسی

C. عبرانی

D. انگریزی

# GRADE – VIII MODEL PAPER 2017

## ISLAMIAT

| Section B: Constructed Response and Extended Response Questions<br>Time: 2 hours 10 minutes Marks: 60 | Roll No. | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

**ہدایات:**

1. ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے۔ 2. جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھیں۔ 3. سوال کا جواب دی گئی جگہ پر تحریر کریں۔

### Constructed Response Questions

سوال نمبر۔1 خالی جگہ پُر کریں

i. میدانِ حشر میں اللہ تعالٰی کے حضور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا حساب و کتاب ہو گا۔

ii. ایک حدیث قدسی کے مطابق اللہ تعالٰی فرماتا ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میرے لئے ہے اور میں ہی اسکا بدلہ دونگا۔

iii. ہمیں چاہیئے کہ نبی کریم ﷺ کے اخلاق حسنہ کی روشنی میں اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گزاریں۔

iv. قرآن مجید میں ارشاد باری تعالٰی ہے، "اے مومنو! اللہ تعالٰی سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور سیدھی بات کہو۔"

v. نیکی کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دینا اور برائی سے روکنا امت مسلمہ کا فریضہ ہے۔

vi. بہترین کمائی وہ ہے جو انسان اپنے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے کما کر حاصل کرتا ہے۔

vii. سب سے افضل انسان وہ ہے جو دوسروں کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہو۔

viii. ایک قرآنی آیت کے مطابق دین میں کوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہیں ہے۔

ix. سیدہ فاطمہؓ جنت میں عورتوں کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوں گی۔

x. حضرت شاہ ولی اللہؒ تعلیم مکمل کرنے کے بعد مدرسہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں بطور استاد مقرر ہوئے۔

سوال نمبر۔2 اردو میں ترجمہ کریں۔ (کل 3 نمبر)

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿١﴾ وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ ﴿٢﴾ ٱلَّذِىٓ أَنقَضَ ظَهْرَكَ ﴿٣﴾

---

---

---

سوال نمبر۔3 انسان کو نیکی اور بدی کی راہیں دکھا کر آزاد کیوں چھوڑ دیا گیا ہے؟ مختصراً وضاحت کریں۔ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔4 روزے کے تین معاشرتی اثرات لکھیں۔ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔5 عدل کا اور احسان کا مفہوم تحریر کریں۔ (کل 3 نمبر)
عدل و احسان کے بارے میں قرآن مجید کی کسی ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر۔6 جوامع الکلم سے کیا مراد ہے؟ جوامع الکلم میں سے دو احادیث کا ترجمہ لکھیں۔ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔7 اسلام میں بیوہ عورتوں کو دیئے جانے والے حقوق میں سے تین کا تذکرہ کریں۔ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔8 کاروبار میں دیانتداری کے کوئی تین فوائد لکھیں۔ (کل3نمبر)

سوال نمبر۔9 اتحادملی سے کیامراد ہے؟اتحادملی کے بارے میں قرآن وحدیث سے ایک ایک حوالہ پیش کریں۔ (کل3نمبر)

سوال نمبر۔10 محمد بن قاسم کی شخصیت کے تین پہلوؤں کو تحریر کریں۔
(کل3نمبر)

سوال نمبر۔11 بو علی سینا کون تھے؟ فقہ اور کیمیا پر ان کی لکھی جانے والی کتابوں کے نام لکھیں۔ (کل 3
نمبر)

## Extended Response Questions

سوال نمبر۔12 حج کے دو فرائض اور دو واجبات تحریر کریں۔ حج کے عالمگیر اثرات میں سے تین کی نشاندہی کریں۔ (کل 5 نمبر)

سوال نمبر۔13 شریعت کی اصطلاح میں اخلاص اور تقویٰ سے کیا مراد ہے؟ تقویٰ کے بارے میں قرآن مجید سے تین حوالے پیش کریں۔ (کل 5 نمبر)

سوال نمبر۔14 سورہ المطففین میں بددیانتی کرنے والوں کی کیا سزا بیان ہوئی ہے؟ اسکی وجہ کیا ہے؟ بددیانتی کے تین نقصانات لکھیں۔ (کل 5 نمبر)

سوال نمبر۔15 نبی کریم ﷺ نے وفات سے پہلے سیدہ فاطمہؓ کے کان میں کیا فرمایا؟ وضاحت کریں۔ سیدہ فاطمہؓ کی نماز جنازہ اور دفن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ (کل 5 نمبر)